ایک گھریلو ملاقات، گھریلو گروپ یا چھوٹا گروپ 10 ایمانداروں کا گروپ ہوتا ہے جو کم از کم ہفتے میں ایک بار ایک دوسرے کی پلنے بڑھنے میں مدد کرنے کیلئے ملتے ہیں۔

1۔ گھریلو میل ملاقات کی عملی مشق (گھریلو ملاقات، چھوٹا گروپ) گھریلو ملاقات کی اپنے مقامی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے تعمیر کریں۔

گھریلو ملاقات کی کچھ خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

a۔ ہفتے میں ایک بار ملاقات کریں۔

b۔ ہر ہفتے ایک ہی گھر میں یا باری باری گروپ کے سب لوگوں کے گھر میں ملیں۔ ایک ایسے مقام پر ملیں جہاں آپ دوسروں کو تنگ کرنے اور مرکز نگاہ بننے کا ذریعہ نہ بنیں۔

c۔ جب گروپ کے ممبر 10 سے زیادہ ہو جائیں تو گروپ کو دو حصوں میں بانٹ کر مختلف مقام پر ملیں۔

d۔ زوردار آواز میں گانے، تبلیغ کرنے، بات چیت اور دُعا کرنے سے لوگوں کی توجہ اپنی طرف نہ کرائیں۔ دُعا اور بات چیت آہستگی سے کریں کہ کسی پیچیدہ حالت میں کوئی آپکو باہر سے نہ سن سکے۔

e۔ گھر پر دو لوگوں کے جوڑے یا اکیلے جائیں اور آئیں۔ ایک ساتھ جانے سے گریز کریں۔

g۔ گھریلو رفاقت میں کسی نئے شخص کو ملاقات میں آنے کی دعوت صرف وقت دیں جب گھریلو رفاقت کا ہر ایک فرد رضامند ہو۔

h۔ ہر گھریلو ملاقات کے لیڈر کا ایک مددگار ہونا چاہئے اور گروپ لیڈر اُسکی گروپ لیڈر بننے میں مدد کرے۔

i۔ صرف گروپ کا راہنما ضمیمہ یا کتابچہ کی کاپی رکھے۔ گروپ کے دوسرے تمام لوگ اپنی ڈائری میں تحریر کیا کریں۔

j۔ گھریلو رفاقت کا مقصد ہر کسی کو گرم جوشی سے شرکت کی اجازت دیتے ہوئے ایک دوسرے کو قبیر کرنا ہے۔

2۔ گھریلو رفاقت کا پروگرام

گروپ کے راہنماؤں کا کتابچہ ایک پروگرام کا مشورہ دیتا ہے (فہرست دیکھیں)۔

2 تا 15 ایمانداروں کا چھوٹا گروپ ہر ہفتے ایک گھر میں ملا کریں۔

صرف شاگردیت کے لئے

تربیت (A) مہینے کا ہر پہلا اور تیسرا ہفتہ اور تربیت (B) مہینے کا ہر دوسرا اور چوتھا ہفتہ۔

ایک ہفتے کے دوران وہ خاص طور پر عبادت اور تعلیم کی مشق کریں اور دوسرے ہفتے وہ آیات کی یاددہانی اور بائبل کے مطالعہ کی مشق کریں۔

یا شاگردیت اور خدمت کیلئے

ہر تیسرے ہفتے تربیت (A&B) اور خدمت (C)۔ پہلے ہفتے کے دوران عبادت اور تعلیم، دوسرے ہفتے کے دوران آیات کی یاددہانی اور بائبل کا مطالعہ۔ تیسرے ہفتے گیت گانا، تبلیغ کرنا، دُعا اور خداوند کا کھانا یا بپتسمہ ہوتا ہے۔



3۔ ایک عقلمند گھریلو رفاقت

کچھ جگہوں پر پڑوسی آپ کے دُشمن یا مخالف ہو سکتے ہیں۔ یسوع مسیح نے مشکل وقت میں مسیحیوں کو خاص طور پر ہوشیار رہنے کی ترغیب دی ہے۔ اِس طرح سے نہ ملیں جو پڑوسی کو ناراض کرے۔ گھر پر گیت گانے کے بارے میں غور کریں۔ ملاقات کے دوران بلند آواز میں بات چیت یا دُعا نہ کریں۔
اِتنی آہستگی سے کلام کریں کے باہر کھڑا ہوا کوئی شخص اُس کلام کو نہ سن سکے۔ زیادہ اور زیادہ عقل مند بننے کی مشق اور کوشش کریں۔

4۔ ایک جواب دہ گروپ

پڑھیں: ۱-کرنتھیوں۱۲:۱۲-۱۸۔

a۔ اگر گھریلو رفاقت ایک متحرک جماعت کا حصہ ہے تو مندرجہ بالا پروگرام پر عمل کریں۔

b۔ اگر گھریلو رفاقت کسی متحرک جماعت کا حصہ نہیں ہے تو وہ مندرجہ بالا پروگرام کا اِستعمال کریں اور غور کریں کہ بپتسمہ، خدا کا کھانا، شادی، بزرگوں کی قیادت اور اگر ضروری ہو تو نظم وضبط کے معاملات سے کس طرح نمٹا جائے۔

c۔ گھریلو رفاقت کے تمام ارکان اپنی گھریلو رفاقت یا گھریلو گروپ کو ایمانداروں کی مستقل مُلاقات کا حصہ سمجھیں۔ اِس کا ذکر عبرانیوں ۱۰:۲۴-۲۵ میں ہے۔
عبرانیوں ۱۰:۲۴-۲۵ کو پڑھیں۔

d۔ تمام شراکت دار ہر ملاقات میں آنے کا عہد اور تعین کریں۔

e۔ تمام شراکت دار اگلے سبق کی تیاری کیلئے خدا کے ساتھ خاص طور پر ذاتی وقت گذاریں اور خدا کے ساتھ اُس وقت کے کچھ لمحوں کو ڈائری میں بیان کریں۔

f۔ تمام لوگ جو سیکھا ہے اُس پر عمل کرنے کا وعدہ کریں۔

g۔ تمام شراکت دار ایکدوسرے کی نشوونما پانے میں مدد۔ ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کریں۔ اُنکی ضروریات کو دوسروں سے بیان اور ایکدوسرے کیلئے دعا کریں۔

h۔ تمام شراکت دار اپنی مشکلات اور ترقی کرنے کے عمل کو بیان کرنے کیلئے تیار رہیں۔